**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS X EXAMINATION**

**MAY 2016**

**Urdu Compulsory Paper II**

**Time: 2 hours 15 minutes Marks: 45**

AKU-EB MOCK/MODEL/SAMPLE/PRACTICE Y EXAMINATIONS 2016

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**<br>**امیدوار کے دستخط** |

2۔ **خصوصی ہدایت:** اس پرچے میں کل **پانچ** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نہ کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔ اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

**حصۂ نثر:**

سوال۔1 (کل 7 نمبر)

(الف) حکیم محمد سعید نے سبق ''**پریٹوریا میں ایک شام**'' میں شہر 'جوہانس برگ' کی نمایاں خوبیاں بیان کی ہیں۔ اس سبق کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اپنے شہر کی **ایک** خوبی اور **ایک** خامی بیان کیجیے۔ (3 نمبر)

(ب) مرزا فرحت اللہ بیگ نے اپنے مضمون '' **اونھ**'' میں کس خاص بات کو واضح کیا ہے؟ (4 نمبر)

**حصۂ نظم:**

سوال-2 (کل8نمبر)

(الف)

| | |
|---|---|
| 1 | شفا اپنی تقدیر میں ہی نہ تھی<br>کہ مقدور تک تو دوا کر چلے |
| 2 | غضب ہے، قہر ہے انسان کی یہ بوالعجبی<br>خود اپنا دوست کم، زیادہ تر دشمن |
| 3 | چلتا ہوں تھوڑی دُور ہر اِک تیز رو کے ساتھ<br>پہچانتا نہیں ہوں ابھی راہبر کو میں!! |

درج بالا اشعار میں سے صرف **ایک** شعر کی تشریح شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجیے۔ (3نمبر)

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

(ب) مطلع یا مقطع کا فرق مثال کے ذریعے تحریر کیجیے۔ (2نمبر)

(ج) نصاب میں شامل حسرتؔ موہانی کی غزل کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے یہ بتائیے کہ ان کی یہ غزل عشقِ حقیقی کی ترجمانی کرتی ہے یا عشقِ مجازی کی دو دلائل کے ذریعے اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔ (3نمبر)

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

**تبصرہ نگاری:**

سوال۔3 (کل 7 نمبر)

**میڈیا کو ریاست کا ایک اہم ستون سمجھا جاتا ہے۔** جمہوریت کے فروغ میں میڈیا کیا کردار ادا کرتا ہے؟ تبصرہ کیجیے۔

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

## تخلیقی تحریر:

سوال۔4 (کل 15 نمبر)




درج بالا تصویر کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے ایک مضمون تحریر کیجیے۔

**ہدایات:**

1۔ اپنی تحریر کا عنوان تجویز کیجیے۔
2۔ حالیہ واقعات کو مدِّ نظر رکھیے۔
3۔ طنز و مزاح کو اپنی تحریر کا حصّہ بنائیے۔

AKU-EB MAY EXAMINATION 2016

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

براہِ کرم صفحہ الٹیے

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

سوال۔5 (کل 8 نمبر)

اسکول انتظامیہ نے طلبہ کو پابند کیا ہے کہ وہ نئے تعلیمی سال کے لیے کتابیں اور کاپیاں اسکول انتظامیہ کی جانب سے مخصوص کردہ دکان سے ہی خریدیں۔لیکن والدین کا کہنا ہے کہ اسکول کی جانب سے مخصوص کردہ دکان کے مقابلے میں یہ کتابیں اور کاپیاں باہر سے سستے داموں خریدی جاسکتی ہیں۔

اسکول انتظامیہ کے نام ایک خط یا درخواست لکھیے جس میں اُن سے یہ گزارش کیجیے، کہ وہ اپنے اس فیصلے پر نظر ثانی کریں اور کتابوں کی خریداری کے لیے طلبہ پر عائد کردہ پابندی کو ختم کریں۔

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

# Please use this page for rough work

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016